# رمضان الکریم ماہِ نزول قرآن حکیم

مولانا حافظ عبدالرحمٰن سلفی

یہ ماہ رمضان المبارک ہی تھا کہ جس کی مقدس ساعتوں میں اللہ کا آخری پیغام ہدایت قرآن مجید آپ ﷺ کے قلب اطہر پر نازل کیا گیا۔ سیدنا آدمؑ سے لے کر جناب عیسیٰؑ تک جتنے بھی اللہ کے فرستادہ انبیاء ورسل دنیا میں تشریف لائے، سب کی دعوت کا محور و مرکز اللہ کی ذات والا صفات کا تعارف تھا۔

سرزمین عرب روئے زمین پر سب سے زیادہ ظلم و ستم سے بھر چکی تھی۔ یوں کہا جاسکتا ہے کہ کسی قوم کی تباہی و بربادی کے جس قدر اسباب ہوسکتے ہیں وہ سب کے سب اہل عرب میں اپنی تمام تر حشر سامانیوں کے ساتھ رچ بس چکے تھے اور قریب تھا کہ اللہ انہیں کسی عذاب میں مبتلا کر کے صفحۂ ہستی سے مٹا دیتا کہ اس کی رحمت جوش میں آئی اور اس نے اپنی آخری دعوت حق اور آخری چہیتے رسول امام الانبیاء رحمت للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کو مکۃ المکرّمہ کے ایک معزز گھرانے میں پیدا فرمایا۔ یہ ماہ رمضان المبارک ہی تھا کہ جس کی مقدس ساعتوں میں اللہ کا آخری پیغام ہدایت قرآن مجید آپ ﷺ کے قلب اطہر پر نازل کیا گیا۔

حالاں کہ رمضان پہلے بھی آتا تھا لیکن نزول قرآن کی برکت سے ماہ رمضان کو جو تقدس حاصل ہوا وہ عظمت رمضان کو اس سے قبل حاصل نہ تھی۔ گویا رمضان اور قرآن کا تعلق اس قدر گہرا اور پختہ ہوگیا کہ دونوں ایک دوسرے کا جزو لاینفک ہوگئے۔

رمضان نزول قرآن کا مہینہ ہے۔ اس ماہ مقدس کی تمام تر ساعتیں جو باعث برکت و رحمت اور مغفرت ہیں تو قرآن مجید پر کماحقہ عقیدہ و عمل کی بنیاد پر ہیں۔ چوں کہ رسالت محمدی ﷺ کی پہچان کا عنوان قرآن ہے۔ ابتدا ہی میں قرآن کی عظمت یوں آشکار کی گئی، مفہوم:

''الم! یہ کتاب اس میں کچھ شک نہیں، ڈرنے والوں کے لیے سامان ہدایت ہے۔''

''اور یہ قرآن ایسا نہیں کہ اللہ کے سوا کوئی اس کو اپنی طرف سے بنالائے۔ ہاں! (یہ اللہ کا کلام ہے) جو (کتابیں) اس سے پہلے (کی) ہیں۔ ان کی تصدیق کرتا ہے اور انہی کتابوں کی (اس میں) تفصیل ہے۔ اس میں کچھ شک نہیں (کہ) یہ رب العالمین کی طرف سے (نازل ہُوا) ہے۔ کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ پیغمبر ﷺ نے اس کو اپنی طرف سے بنا لیا۔ کہہ دو کہ اگر سچے ہو تو تم بھی اس طرح کی ایک سورہ بنالاؤ اور اللہ کے سوا جن کو بلاسکو (ان کو) بلا بھی لو۔''

ان آیات مبارکہ میں قرآن مجید کے منزل من اللہ اور مبنی برحق ہونے کا چیلنج دیا گیا۔ یہ ایسا کھلا چیلنج ہے جو آج تک انسانیت قبول کرنے سے عاجز ہی، اور کیوں نہ ہو کہ اس جیسا کوئی بنا ہی نہیں سکتا، کیوں کہ یہ رب رحمٰن کا کلام ہے۔ نزول قرآن مجید ماہ رمضان سے بالکل جڑا ہوا ہے کہ رمضان آتا ہے تو قرآن بھی کثرت سے تلاوت کیا جانے لگتا ہے اور یہ اتنا عظیم کلام ہے کہ اس کے نزول کی رات کو کہ جس میں یہ نازل کیا گیا اسے بھی اللہ رب العالمین نے عظمتیں اور رفعتیں عطا فرمادیں اور ارشاد فرمایا، مفہوم: ''بے شک! ہم نے اس (قرآن مجید) کو قدر (منزلت) والی رات میں نازل کیا۔ اور آپ کو کیا خبر کہ شب قدر کیا چیز ہے۔ (سو) شب قدر (خیر و برکت میں) ہزار مہینوں سے افضل ہے۔ فرشتے اور جبرائیل اپنے پروردگار کے حکم سے ہر ایک انتظام کے لیے اس رات (زمین پر) اترتے ہیں۔ وہ امن و سلامتی کی رات ہے اور وہ فجر ہونے تک رہتی ہے۔'' (سوالقدر)

یہ کتاب قرآن مجید اس قدر اہمیت و فضیلت کی حامل ہے کہ اس کے نزول کی برکت سے وہ رات بھی عظمتوں اور برکتوں والی ہوگئی کہ اس ایک رات کی خیر و برکت اس قدر وسیع ہوگئی کہ جس قدر ایک ہزار مہینوں کی عبادت و ریاضت کوئی بندہ حاصل کرسکتا ہے۔ آنے قرآن کی برکت سے امت مسلمہ کو محض ایک رات کی عبادت کا اجر و ثواب ایک ہزار مہینوں کی عبادت کے برابر عطا فرمانے کا اعلان کردیا۔ اندازہ کیجیے! ہماری زندگی میں یہ رات کتنی مرتبہ آتی ہے۔ ہم اس کے فیوض و برکات سے کس قدر فیض یاب ہوسکتے ہیں۔ یہ قرآن مجید کی برکات کا نتیجہ ہے کہ روزے جیسی عظیم عبادت میسر آئی کہ جس کے متعلق حدیث قدسی ہے کہ اللہ فرماتا ہے: ''روزہ میرے لیے ہے اور میں ہی اس کی جزا دوں گا۔''

قرآن مجید انسانی فوز و فلاح کا دائمی چارٹر ہے جس میں ایک طرف حقوق اللہ کی پاس داری ہے تو دوسری طرف حقوق العباد کا التزام ہے۔ گویا یہ قرآن ہماری روحانی و جسمانی تسکین و شفا کا باعث ہے۔ اس میں پورا نظام حیات عطا کیا گیا ہے جس پر عمل پیرا ہوکر انسانیت اپنا کھویا ہوا وقار اور گمشدہ متاع عزیز یعنی جنت بھی حاصل کرسکتی ہے۔ قرآن راہ نجات ہے اور ہمارے تمام دکھوں کا مداوا بھی ہے۔ چناں چہ ارشاد فرمایا، مفہوم: ''اور ہم قرآن (کے ذریعے) سے وہ چیز نازل کرتے ہیں جو مومنوں کے لیے شفاء اور رحمت ہے۔'' (بنی اسرائیل)

نزول قرآن کا مقصد: اللہ خالق و مالک نے نزول قرآن کا مقصد بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا، مفہوم: ''وہ اللہ تعالیٰ بہت برکت والا ہے جس نے قرآن مجید کو اپنے بندے (محمد ﷺ) پر نازل فرمایا تاکہ وہ سب لوگوں کے لیے آگاہ کرنے والا ہوجائے۔ اسی اللہ (یکتا) کی حکومت و سلطنت ہے، آسمانوں اور زمین کی، اور اس نے کوئی اولاد نہیں بنائی اور نہ کوئی اس کی سلطنت میں شریک ہے۔ اس (اللہ) نے ہر چیز کو پیدا کیا اور مناسب اندازے پر رکھا۔'' (سورالفرقان)

اسی طرح ایک مقام پر قرآن کی عظمت کا یوں اظہار کیا گیا:

''ہمیں تاروں کی منزلوں کی قسم۔ اگر تم سمجھو تو یہ بڑی قسم ہے۔ کہ یہ بڑے رتبے کا قرآن ہے۔ (جو) کتاب محفوظ میں (لکھا ہوا ہے)۔ اس کو وہی ہاتھ لگاتے ہیں جو پاک ہیں۔ پروردگار عالم کی طرف سے اتارا گیا ہے۔ کیا تم اس کلام سے انکار کرتے ہو؟ اور اپنا وظیفہ یہ بناتے ہو کہ (اسے) جھٹلاتے ہو۔'' (سورالواقعہ)

مذکورہ بالا آیات قرآنی سے معلوم ہوتا ہے کہ نزول قرآن کا مقصد انسانیت کے عقائد و اعمال اور اخلاق کی تطہیر کر کے رب کے پسندیدہ بندے بنا کر اس کے اصل مقام جنت اور رضائے الٰہی کی شاہ راہ مستقیم پر گام زن کرانا ہے۔ تاکہ انسانیت اپنا کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کرلے، جو اس کی شامت اعمال کی بنا اس کے ہاتھوں سے جاتا رہا ہے۔

یہ قرآن مجید اتنی عظمتوں اور رفعتوں کا حامل ہے کہ اگر ایمان کے جذبے کے ساتھ محض اس کی تلاوت کرلی جائے تو وہ بھی مومن کے لیے انتہائی اجر و ثواب کا باعث ہوتی ہے۔ چناں چہ اللہ کے آخری محبوب پیغمبر صلی ا? علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے: ''جس نے قرآن مجید کا ایک حرف پڑھا اس کو نیکی ملے گی اور ایک نیکی کا ثواب دس نیکیوں کے برابر ہے۔ الم ایک حرف نہیں ہے بل کہ الف ایک حرف ہے، لام ایک حرف ہے اور م ایک حرف ہے۔'' (ترمذی، دارمی)

اندازہ کیجیے کہ محض تلاوت کرنے پر اس قدر اجر و ثواب ہے تو پھر سمجھ کر سیکھنے اور اس کے علوم کے حصول اور عمل پر کیا اجر و ثواب ہوگا، اس کا احاطہ کرنا ناممکن ہے۔ قرآن سیکھنے سکھانے اور اس پر عمل کرنے سے اللہ کا تقرب حاصل ہوسکتا ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے جنت کے حصول اور جہنم کی ہول ناکیوں سے محفوظ رہنے میں کام یاب ہوسکتے ہیں۔ جو اگر حاصل ہوگئی تو یقیناً بڑی کام یابی ہے۔

یاد رکھیے! دنیا کی مختصر زندگی بہ ہر صورت گزر ہی جائے گی لیکن اگر یہ زندگی رب کی رضا کے مطابق گزری تو دنیا و آخرت دونوں کی کام یابی ہے، وگرنہ من چاہی، شتر بے مہار زندگی یا اللہ کی بغاوت و نافرمانی، قرآن کی تکفیر و تکذیب میں گزری تو ایسی زندگی دنیاوی لحاظ سے شاید کام یاب ہوجائے، لیکن ابدی زندگی جہنم کی نذر ہوکر خسران کا باعث ہوگی۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس سے محفوظ و مامون رکھے۔

قرآن مجید سے تعلق استوار اور مضبوط سے مضبوط تر رکھنا مؤمن کا شعار ہے۔ یہ نازل ہی اس لیے ہوا ہے کہ ہم اپنا تزکیہ کرلیں اور اپنے پالن ہار اللہ رب العالمین کے پسندیدہ بندے بن جائیں۔ اور یہ قرآن معمولی کتاب نہیں کہ ہم اسے محض ایک کتاب سمجھیں بل کہ اس میں ہمارے لیے دنیا و آخرت کی کام رانیوں کا مکمل لائحہ عمل موجود ہے۔ قرآن دلوں کے زنگ دور کر کے صاف شفاف بناتا ہے۔

رحمت کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد عالی کا مفہوم ہے:

''دلوں کو زنگ لگ جاتا ہے جس طرح لوہے کو پانی لگ جانے سے زنگ لگ جاتا ہے۔ لوگوں نے کہا: یا رسول اللہ ﷺ! پھر ان کو کس طرح صاف کیا جائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: موت کو زیادہ یاد کیا کرو اور قرآن مجید کو بہت پڑھا کرو۔'' (بیہقی)

''جو اپنے رب سے بات چیت کرنا چاہے تو اسے چاہیے کہ قرآن مجید پڑھے۔''

''قرآن پڑھا کرو۔ کیوں کہ وہ قیامت کے دن اپنے پڑھنے والوں کے لیے شفیع بن کر آئے گا۔''

''میری امت کی بہترین عبادت قرآن مجید کی تلاوت ہے۔''

قرآن مجید کی تلاوت کرنے والوں کے درجات: رسول رحمت ﷺ کا ارشاد عالی شان ہے۔

مفہوم: ''قرآن مجید پڑھنے والے سے کہا جائے گا کہ قرآن پڑھتا جا اور (جنت کے) اونچے درجات پر چڑھتا جا اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھ جیسا کہ دنیا میں پڑھتے تھے تمہارا جنت میں آخری درجہ وہ ہوگا جہاں تم پڑھتے پڑھتے ٹھہر جاؤ گے۔'' (ترمذی)

حدیث قدسی میں ارشاد ہُوا، مفہوم: ''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ قرآن مجید کی تلاوت نے جس کو باز رکھا مجھ سے سوال کرنے سے یعنی قرآن مجید پڑھنے میں مشغول رہا، جس کی وجہ سے وہ مجھ سے سوال نہ کرسکا تو اس کو اس سے بہتر دوں گا جو مانگنے والے کو دیتا ہوں۔ یعنی مانگنے والوں سے زیادہ تلاوت قرآن مجید کرنے والوں کو دوں گا اور کلام الٰہی کی فضیلت تمام کلاموں پر ایسی ہے جیسے اللہ تعالیٰ کی فضیلت تمام مخلوقات پر ہے۔'' (ترمذی)

قرآن مجید سراسر خیر و برکت اور فوز و فلاح اور کام یابیوں و کام رانیوں کا نشان امتیاز ہے۔ اس پر ایمان لانا اس کی تلاوت کرنا اور اس کے احکامات یعنی اوامر و نواہی پر کماحقہ عمل پیرا ہونا اور صاحب قرآن، پیغمبر آخرالزماں حضرت محمد ﷺ کی لائی ہوئی شریعت یعنی قرآن و حدیث کی اتباع و فرماں برداری کرنا دنیا و آخرت کی بھلائیوں اور نجات کا ذریعہ ہے۔ اگر ہمارا تعلق قرآن سے گہرا ہے تو اسے مزید مضبوط تر بنایئے اور اللہ کا شکر ادا کیجیے۔ اور اگر صورت حال مختلف ہے تو فکر کیجیے اور اللہ سے لو لگانے کے لیے قرآن سے اپنا رابطہ استوار کیجیے اور کثرت تلاوت سے اس کے ساتھ وابستہ ہوجایئے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے نزول کے مقاصد بھی پورے ہوں گے اور ہماری زندگی میں پاکیزہ اور صالح انقلاب برپا ہوجائے گا۔ جس کے معاشرے پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ نیز ہماری انفرادی و اجتماعی زندگی بہترین سانچے میں ڈھل جائے گی اور تعلق بالقرآن کی وجہ سے انفرادی و اجتماعی کوتاہیاں، نیکیوں سے بدل جائیں گی اور اللہ کی زمین پر جہاں انتہائی پاکیزہ معاشرہ تشکیل پاجائے گا اور ہر طرف امن و سکون اطمینان حاصل ہوگا وہیں اخروی زندگی جو ہمیشہ رہنے والی ہے وہ بھی سنور جائے گی اور اللہ تعالیٰ اپنی اور اپنے حبیب محمد رسول اللہ ﷺ کی اتباع و تابعداری اور تعلق بالقرآن کے نتیجے میں جنت کے اعلیٰ و ارفع درجات پر بھی فائز فرمادے گا۔ وہ لوگ بڑے خوش نصیب ہیں جو رمضان اور قرآن سے وابستگی اختیار کر کے اپنے رب کی رضا کے حصول میں کام یاب ہوتے ہیں۔ ماہ رمضان اور قرآن لازم و ملزوم ہیں۔

رمضان المبارک میں جہاں روزے رکھ کر اللہ کو راضی کرنے والے کام کیے جاتے ہیں، وہیں راتوں کو تراویح کا قیام کر کے قرآن سنایا اور سنا جاتا ہے۔ اسی طرح عام دنوں کی نسبت رمضان میں ذوق و شوق کے ساتھ ہر مسلمان تلاوت قرآن کی سعادت حاصل کرتا ہے۔ کاش! ہم سارا سال قرآن مجید کے ساتھ اسی طرح ربط و تعلق برقرار رکھیں اور تلاوت کے ساتھ ترجمہ و تفسیر سے بھی آگاہی حاصل کریں تاکہ ہمیں صحیح معنوں میں قرآن کے مفاہیم و مطالب سمجھ میں آجائیں اور ہم اپنی انفرادی و اجتماعی زندگی کو قرآن کے اسلوب کے مطابق گزار کر دنیا و آخرت کی لازوال نعمتوں کے حق دار بن جائیں۔



**نزول قرآن اللہ کی عظیم نعمت ہے، جو بھٹکی ہوئی انسانیت کے لیے زاد راہ اور جادہ مستقیم ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں صحیح معنوں میں قرآن کا فہم عطا فرمائے اور ہمارے عقائد و اعمال کی اصلاح فرما دے اور ہماری انفرادی و اجتماعی زندگی میں قرآن کو نافذ فرما دے۔ ہماری لغزشوں اور خطاؤں سے درگزر فرمائے۔ قرآن و صاحب قرآن کی سچی فرماں برداری کے ذریعے اپنی رضا کا حصول آسان فرما دے۔ آمین**




نزول قرآن کا مبارک مہینہ

| تاریخ/ رمضان | دن | ختم سحری | افطار | تاریخ/ رمضان | دن | ختم سحری | افطار |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 19 فروری ۱ رمضان | جمعرات | 5:49 | 6:21 | 6 ۱۶ | جمعہ | 5:31 | 6:34 |
| 20 ۲ | جمعہ | 5:48 | 6:22 | 7 ۱۷ | سنیچروار | 5:30 | 6:34 |
| 21 ۳ | سنیچروار | 5:47 | 6:23 | 8 ۱۸ | اتوار | 5:28 | 6:35 |
| 22 ۴ | اتوار | 5:46 | 6:24 | 9 ۱۹ | سوموار | 5:27 | 6:36 |
| 23 ۵ | سوموار | 5:45 | 6:24 | 10 ۲۰ | منگلوار | 5:26 | 6:37 |
| 24 ۶ | منگلوار | 5:44 | 6:25 | 11 ۲۱ | بدھوار | 5:25 | 6:38 |
| 25 ۷ | بدھوار | 5:42 | 6:26 | 12 ۲۲ | جمعرات | 5:24 | 6:38 |
| 26 ۸ | جمعرات | 5:41 | 6:27 | 13 ۲۳ | جمعہ | 5:23 | 6:39 |
| 27 ۹ | جمعہ | 5:40 | 6:28 | 14 ۲۴ | سنیچروار | 5:20 | 6:40 |
| 28 ۱۰ | سنیچروار | 5:39 | 6:29 | 15 ۲۵ | اتوار | 5:19 | 6:41 |
| 1 مارچ ۱۱ | اتوار | 5:38 | 6:30 | 16 ۲۶ | سوموار | 5:18 | 6:42 |
| 2 ۱۲ | سوموار | 5:37 | 6:31 | 17 ۲۷ | منگلوار | 5:17 | 6:42 |
| 3 ۱۳ | منگلوار | 5:36 | 6:32 | 18 ۲۸ | بدھوار | 5:15 | 6:43 |
| 4 ۱۴ | بدھوار | 5:34 | 6:33 | 19 ۲۹ | جمعرات | 5:14 | 6:44 |
| 5 ۱۵ | جمعرات | 5:33 | 6:33 | 20 ۳۰ | جمعہ | 5:12 | 6:45 |

**نقشہ ھذا سے گھٹائیں**

اسلام آباد: 2 منٹ | پلوامہ : 1 منٹ | پہلگام: 3 منٹ | ترال : 2 منٹ
کُد: 2 منٹ | کولگام: 1 منٹ | لیہہ: 11 منٹ | ہرموکھ : 1 منٹ

**نقشہ ھذا سے بڑھائیں**

اوڑی: 3 منٹ | بارہمولہ: 1منٹ | بانڈی پورہ: 2 منٹ | پونچھ: 2 منٹ
ٹنگمرگ: 1 منٹ | ٹیٹوال: 4 منٹ | سوپور: 1 منٹ | کرناہ: 4 منٹ

J&K Bank
Serving To Empower

BAJAJ GENERAL
CARINGLY YOURS




Bajaj General Extra Care Plus policy along with the added benefits of Health Prime Rider ensures that you don't have to settle for less when it comes to you and your family's growing healthcare needs.

**Bajaj General Extra Care Plus's Features:**

- Long Term Discount
- Option to Opt for Air Ambulance
- Free health check-up

**Benefits of Health Prime Rider:**

- Rider for both Individual & Family Floater Basis**
- 24*7 Unlimited Tele-Consultation
- Investigations Cover

**Based on the variant opted in health plan

**To Know More** Contact your J & k Bank's Relationship Manager

**Bajaj General Insurance Limited** (Formerly known as Bajaj Allianz General Insurance Co. Ltd.) Bajaj Insurance House, Airport Road, Yerawada, Pune - 411006. IRDAI Reg No.: 113. | CIN: U66010PN2000PLC015329 | UIN: Extra Care Plus-BAJHLIP23069V032223,Health Prime Rider-BAJHLIA24087V022324 | web: www.bajajgeneralinsurance.com |Toll free: 1800-209-5858 / 1800-209-0144 | careforyou@bajajgeneral.com For more details on risk factors and Terms and Conditions, please read the sales brochure before concluding a sale. | BGI-O-JK-004/18-12-2025

J&K Bank Ltd is a licensed Corporate Agent [bearing License No.: CA0029] of Bajaj General Insurance Limited [IRDAI registration No. 113]. The benefits/features of products are indicative and for more details on risk factors and Terms and Conditions, please read the sales brochure before concluding a sale.

PUBLISHED BY: BISMA TAJAMUL, PRINTED BY: BISMA TAJAMUL on behalf of BISMA TAJAMUL R.N.I No: JKURD/2011/37141,
Printed At : K.T. Press Pvt Ltd. Rangreth Budgam J&K 190021 , Published From: NEW BUS STAND, BUDGAM J&K 191111, Editor: BISMA TAJAMUL
CONTACT NO. 9419786936, 6006551484, EMAIL: WATTANDAILY@GMAIL.COM,